تبصرہ کتب

تبصرے کے لئے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

الصرف الجمیل: مؤلف: مولانا محمد بشیر، ناشر: دارالعلم ۶۹۹ آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد، صفحات، جزء اول: ۱۲۸، جزء ثانی: ۱۹۶، سائز: ۸/۳۰×۲۰

زیر تبصرہ کتاب عربی گرامر کی ایک شاخ ''فن صرف'' میں لکھی گئی ہے۔ علم صرف پڑھنے، پڑھانے کا مقصد صحیح طور پر عربی پڑھنے، لکھنے اور بولنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہے، مگر یہ ایک المیہ ہے کہ برصغیر میں رائج اس کے پیچیدہ طرز تدریس نے اس فن کو جہاں مشکل تر بنا دیا ہے، وہیں اس طریقہ تدریس سے اس فن کا بنیادی مقصد بھی نہیں حاصل ہو پا رہا۔ اللہ تعالیٰ مولانا محمد بشیر صاحب کو جزائے خیر دے، جنہوں نے روایتی طرز تدریس سے ہٹ کر اس فن کے بنیادی مقصد کو پیش نظر رکھ کر یہ کتاب ترتیب دی ہے، چنانچہ کتاب میں ان کا طریقہ کار یہ ہے کہ وہ ہر باب کو ذکر کرنے سے پہلے اس باب کے کسی مادہ سے متعلق مختلف صیغوں کو مختلف جملوں میں استعمال کرتے ہیں، بعد ازاں اس مادہ کی اس باب سے صرف صغیر اور پھر تمام افعال و اسماء مشتقہ کی گردان کبیر ذکر کرتے ہیں، ہر باب کے آخر میں مشق کے لئے تمرینات بھی دی گئی ہیں، ہر باب کے خاتمے پر فعل سے مناسبت رکھنے والا کوئی قرآنی جملہ، حدیث شریف، حکمت، لطیفہ، مقولہ یا شعر دیا گیا ہے۔ کلمات کی توضیح کے لئے جا بجا ان کی تصاویر دی گئی ہیں، جن سے کتاب کی افادیت بڑھ گئی ہے۔

غرض یہ کتاب طلبہ و مدرسین دونوں کے لئے مفید ہے، مدرسین علم صرف کی تدریس میں کتاب میں اختیار کردہ مؤلف کے طریقہ تدریس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب کارڈ ٹائٹل کے ساتھ، ہلکے کاغذ میں چھپی ہے۔

اساس الصرف: مؤلف: مولانا محمد بشیر، ناشر: دارالعلم ۶۹۹ آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد، صفحات، جزء اول: ۱۲۰، جزء دوم: ۱۷۶، جزء سوم: ۱۳۶۔

زیر تبصرہ کتاب بھی، جو تین حصوں پر مشتمل ہے، فن صرف میں لکھی گئی ہے، اس کے مؤلف بھی مولانا محمد بشیر ہیں،